PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES

Session 20th

Notice No. 2020

Received Dated 30/07/2021

Admitted Dated 02/08/2021

Department **Local Government Election & Rural Development**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 2020

منجانب: وقار احمد خان، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ بلدیات کی توجہ ایک اہم مسلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ ضلعی انتظامیہ سوات نے عوام کے ساتھ ظالمانہ رویہ اختیار کیا ہوا ہے اور لوگوں کی ذاتی جائیدادوں / بلڈنگز کو بے دردی کے ساتھ گرا کر ان پر قبضہ کرنا چاہتی ہے مذکورہ ہوٹلز اور بلڈنگز ایک دن میں نہیں بنے اور نہ یہ تمام بلڈنگز اسی زمین کے مالکان نے بنائی ہیں بلکہ ان زمینوں میں اکثریت باقاعدہ ریونیو ریکارڈ کے مطابق خریدی ہوئی زمین بھی ہیں جو قانونی طریقے سے خرید کر ان پر کاروباری سرگرمیاں جاری تھیں لیکن راتوں رات ضلعی انتظامیہ نے بغیر کوئی نوٹس کے کروڑوں / اربوں روپے کے کاروباری اثاثے گرائے جس پر ہزاروں لوگوں کے خاندانوں کا انحصار تھا ہم تجاوزات کے حق میں نہیں ہیں لیکن کم از کم اس سلسلے کو مزید روکا جائے اور ریونیو ریکارڈ کے مطابق زمینوں، بلڈنگز کے مالکان کو باقاعدہ نوٹس دیا جائے اور جن لوگوں کے پاس قانونی دستاویزات موجود ہیں ان کو مارکیٹ ریٹس کے مطابق معاوضہ دیا جائے۔۔